SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE
FOR IMMEDIATE RELEASE
NOVEMBER 1, 2016

**بیمہ کے انضباطی فریم ورک میں اصلاحات کے لئے ایس ای سی پی اور سٹیک ہولڈرز کی مشاورت**

اسلام آباد، یکم نومبر: شعبہ بیمہ کے انضباطی فریم ورک کو مضبوط بنانے کے لئے ایس ای سی پی نے کراچی کے بعد اسلام آباد اور لاہور میں راونڈ ٹیبل کانفرنسیں منعقد کی ہیں۔ اسلام آباد میں ہونے والی کانفرنس ایس ای سی پی کے صدر دفتر میں جب کہ لاہور میں اس کا انعقاد ایوانِ صنعت و تجارت میں کیا گیا۔

دونوں اجلاسوں میں بیمہ کے شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مذکورہ بالا اجلاسوں میں ایس ای سی پی کے کمشنر برائے بیمہ نے پاکستان میں بیمہ کے بنیادی قانون کا از سرِ نو جائزہ لینے کی ضرورت پر روشنی ڈالی۔ بعد ازاں ایگزیکٹو ڈائریکٹر شعبہِ بیمہ نے پاکستان میں بیمہ کے انضباطی فریم ورک کی چیدہ چیدہ ترامیم شرکاء کے سامنے پیش کیں۔

مجوزہ ترامیم کے ذریعے بیمہ کمپنیوں کے مالی استحکام میں بہتری آئے گی، ملک میں ایک توانا اور مالی طور پر مستحکم شعبہ بیمہ کے فروغ میں مدد ملے گی اور حاملینِ بیمہ پالیسی کے مفادات کا زیادہ بہتر انداز میں تحفظ یقینی بنایا جائے گا۔ ترامیم کا بنیادی مقصد بیمہ مارکیٹ کی ترقی کے لئے موزوں انضباطی ماحول فراہم کرنا ہے اور انضباطی فریم ورک کو بین الاقوامی انجمن برائے بیمہ سپروائزرز (آئی اے آئی ایس) کے اصولوں سے ہم آہنگ کرنا بھی ہے۔

مالی طور پر مستحکم شعبہ بیمہ کو فروغ دینے اور پالیسی حاملین کے مفادات کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے شرکائے اجلاس کے ساتھ مجوزہ نئے تصورات اور ترامیم کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔ خاص طور پر چھوٹے بیمہ کاروں کا متعارف کروائے جانا، تکافل اور مکرر تکافل کے انضباط کی صراحت، مقامی شعبہ کی صلاحیت میں اضافہ کے لئے مقامی اور غیر ملکی بیمہ اور مکرر بیمہ کاربار کے لئے ضابطہ کار کے تعین، بیمہ مکرر کے بروکرز کے لئے ضابطہ کار، بیمہ کاروں سے نئی مصنوعات متعارف کروائے جانے کا تقاضا، نظام کے خطرات سے نمٹنے کے لئے پوری صنعت کے لئے ضمانتی فنڈ متعارف کروائے جانا، تقرر کردہ ایکچوئری کے لئے مطلوبات اور غیر حیاتی بیمہ کی مصنوعات کے اجرا پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ دونوں اجلاسوں کے شرکا سے گذارش کی گئی کہ وہ اپنی تحریری تجاویز ای سی پی کو پندرہ دن کے اندر اندر بھجوادیں تا کہ اس منصوبے کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جاسکے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254